# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

**(Revised)**

for the meeting of the National Assembly to be held on Wednesday, the 13th August, 2025 at 11.00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3.** **DR. NAFISA SHAH** **SYED NAVEED QAMAR**
**MR. AIJAZ HUSSAIN JAKHRANI** **MS. NATASHA DAULTANA**
**MR. ASAD ALAM NIAZI** to invite attention of the Minister for Energy (Petroleum Division), to a matter of urgent public importance regarding statement of United States President Trump regarding discovery of massive oil reserves in Pakistan with no clear announcement of such reserves by our Government, causing grave concern amongst the public.

**LEGISLATIVE BUSINESS**

**4.** Consideration of the following motion moved by **MR. BILAL AZHAR KAYANI,** Minister of State for Railways and Finance and Revenue**,** on 11th August, 2025:-

> "that the Bill to provide for reforms of the regulatory regime applicable to business, trade and investment by removing cumbersome and complex regulatory requirements and to establish the Pakistan Regulatory Registry and the Pakistan Business Portal [The Asaan Karobar Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**5.** **MR. QAISER AHMED SHEIKH,** Minister for Board of Investment, to move that the Bill to provide for reforms of the regulatory regime applicable to business, trade and investment by removing cumbersome and complex regulatory requirements and to establish the Pakistan Regulatory Registry and the Pakistan Business Portal [The Asaan Karobar Bill, 2025], be passed.

**6.** **SENATOR AHAD KHAN CHEEMA,** Minister for Economic Affairs and Establishment, to move that the Bill further to amend the National School of Public Policy Ordinance, 2002 [The National School of Public Policy (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**7.** **SENATOR AHAD KHAN CHEEMA,** Minister for Economic Affairs and Establishment, to move that the Bill further to amend the National School of Public Policy Ordinance, 2002 [The National School of Public Policy (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**8.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move under rule 288 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the requirement of sub-rule (2) of rule 123 of the said rules be suspended in order to take up the item No. 9 to 12.

**9.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill further to amend the Anti-terrorism Act, 1997 [The Anti-terrorism (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**[Amendments entered in a separate list to be moved]**

**10.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill further to amend the Anti-terrorism Act, 1997 [The Anti-terrorism (Amendment) Bill, 2024], be passed.

**11.** **MR. ALI PERVAIZ,** Minister for Petroleum, to move that the Bill further to amend the Petroleum Act, 1934 [The Petroleum (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**12.** **MR. ALI PERVAIZ,** Minister for Petroleum, to move that the Bill further to amend the Petroleum Act, 1934 [The Petroleum (Amendment) Bill, 2025], be passed.

## MOTION

**13.** Consideration of the following motion moved by Ms. Nosheen Iftikhar, MNA on 5th August, 2025:-

> "since it has been brought into the notice of this House by Honourable Speaker, that Mr. Waqas Akram, Member National Assembly, NA-109, Jhang-II remained absent without leave of the House, for forty consecutive days of its sittings. Therefore, this House may declare his seat vacant under clause (2) of Article 64 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan."

## MOTION OF THANKS

**14.** **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**15.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**16.** **MS. ALIYA KAMRAN** **MS. NAEEMA KISHWER KHAN**
**MR. MUHAMMAD USMAN BADINI** to invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination, to a matter of urgent public importance regarding exorbitant charges under various heads in private hospitals and laboratories in Islamabad, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**12th August, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## (نظر ثانی شدہ)

**برائے اجلاس قومی اسمبلی جو بدھ، ۱۳/اگست، ۲۰۲۵ء صبح گیارہ بجے منعقد ہو گا۔**

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **ڈاکٹر نفیسہ شاہ** **سید نوید قمر** **جناب اعجاز حسین جکھرانی**

**محترمہ نتاشہ دولتانہ** **جناب اسد عالم نیازی** وزیر برائے توانائی (پیٹرولیم ڈویژن) کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو پاکستان میں تیل کے وسیع ذخائر کی دریافت کے بارے میں امریکہ کے صدر ٹرمپ کے بیان اور ان ذخائر کے حوالے سے ہماری حکومت کی جانب سے کوئی واضح اعلان نہ کیے جانے سے متعلق ہے ۔

### قانون سازی

۴۔ **جناب بلال اظہر کیانی**، وزیر مملکت برائے ریلوے اور خزانہ و محاصل کی جانب سے ۱۱/اگست، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر غور:۔

''کہ کاروبار، تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے قابل اطلاق انضباطی نظام میں مشکل اور پیچیدہ انضباطی تقاضوں کو ختم کرکے اصلاحات لانے اور پاکستان انضباطی رجسٹری اور پاکستان کاروباری پورٹل کے قیام کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [آسان کاروبار بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔''

۵۔ **جناب قیصر احمد شیخ**، وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ تحریک پیش کریں گے کہ کاروبار، تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے قابل اطلاق انضباطی نظام میں مشکل اور پیچیدہ انضباطی تقاضوں کو ختم کرکے اصلاحات لانے اور پاکستان انضباطی رجسٹری اور پاکستان کاروباری پورٹل کے قیام کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [آسان کاروبار بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۶۔ **سینیٹر احد خان چیمہ**، وزیر برائے اقتصادی امور و عملہ تحریک پیش کریں گے کہ نیشنل سکول آف پبلک پالیسی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [نیشنل سکول آف پبلک پالیسی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۷۔ **سینیٹر احد خان چیمہ**، وزیر برائے اقتصادی امور و عملہ تحریک پیش کریں گے کہ نیشنل سکول آف پبلک پالیسی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [نیشنل سکول آف پبلک پالیسی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۸۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۸۸ کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ آئٹم نمبر ۹ تا ۱۲ از زیر غور لانے کے لئے مذکورہ قواعد کے قاعدہ ۱۲۳ کے ذیلی قاعدہ (۲) کی مقتضیات معطل کی جائیں۔

۹۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ انسداد دہشت گردی ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [انسداد دہشت گردی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]**

۱۰۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ انسداد دہشت گردی ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [انسداد دہشت گردی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۱۱۔ **جناب علی پرویز**، وزیر برائے پیٹرولیم تحریک پیش کریں گے کہ پیٹرولیم ایکٹ، ۱۹۳۴ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پیٹرولیم (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۲۔ **جناب علی پرویز**، وزیر برائے پیٹرولیم تحریک پیش کریں گے کہ پیٹرولیم ایکٹ، ۱۹۳۴ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پیٹرولیم (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

## تحریک

۱۳۔ **محترمہ نوشین افتخار**، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے ۵/اگست، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر غور:۔

''چونکہ محترم اسپیکر کی جانب سے اس ایوان کو مطلع کیا گیا ہے کہ جناب وقاص اکرم، رکن قومی اسمبلی، این اے۔ ۱۰۹، جھنگ۔II، ایوان کی اجازت کے بغیر مسلسل چالیس روز تک اسکے اجلاسوں سے غیر حاضر رہے ہیں۔ لہذا، یہ ایوان اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۶۴ کی شق (۲) کے تحت ان کی نشست کو خالی قرار دے۔''

## تحریک تشکر

۱۴۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۱۵۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۱۶۔ **محترمہ عالیہ کامران** **محترمہ نعیمہ کشور خان**
**جناب محمد عثمان بادینی** وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو اسلام آباد کے نجی ہسپتالوں اور لیبارٹریوں میں مختلف مدات کے تحت بہت زیادہ چارجز کی وصولی سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۲/اگست، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**